نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731,
99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

محکمہ زراعت پنجاب نے آبپاش علاقوں میں گندم کی فصل کیلئے کھادوں کے متناسب استعمال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور 18 نومبر 2026( )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ آبپاش علاقوں میں گندم کی فصل کے لئے کمزور زمین میں دو بوری ڈی اے پی، دو بوری یوریا اور ایک بوری ایس او پی /ایم اوپی فی ایکڑ استعمال کریں۔ اوسط زمین میں ڈیڑھ بوری ڈی اے پی، پونے دو بوری یوریا اور ایک بوری ایس او پی / ایم او پی فی ایکٹر استعمال کریں۔ جبکہ زرخیز زمین کے لیے سوا بوری ڈی اے پی، ڈیڑھ بوری یوریا اور ایک بوری ایس او پی /ایم اوپی فی ایکڑ ڈالیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ زنک سلفیٹ(33 فیصد) بحساب 5 کلو گرام اور بورک ایسڈ(17 فیصد)بحساب 2.5 کلو گرام فی ایکٹر بوائی کے وقت استعمال کرنے سے گندم کی پیداوار پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اگر سابقہ فصل میں زنک سلفیٹ استعمال کی گئی ہو تو گندم کی فصل میں اس کا استعمال نہ کریں۔ گندم کے کاشتکارفاسفورسی اور پوٹاش کھاد کی ساری مقدار اور نائٹروجنی کھاد کی پہلی قسط بوقت بوائی استعمال کریں۔کاشتکار ترجیحاً زمین کا تجزیہ کرائیں اور زمین کے خواص کے اعتبار سے کھادوں کا متناسب استعمال محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے کریں۔

****